Lillestrøm kommune

Lillestrøm

کے بارنے ہاگر میں شروعات

والدین کے لئے ایک معلوماتی کتابچہ

Lillestrøm
بلدیہ کے بارنے ہاگے میں جگہ ملنے پر آپکو مبارک ہو!

بارنے ہاگے شروع کرنا بڑوں اور چھوٹوں، دونوں کے لیے ایک دلچسپ وقت ہوتا ہے۔

بحیثیت والدین بارنے ہاگے کے ابتدائی عادی ہونے کے وقت میں یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ بارنے ہاگے سے کیا توقع رکھ سکتے ہیں، اور اسی طرح یہ بھی کہ والدین کو خود ایک محفوظ اور اچھی شروعات کے لیے کیا کرنا چاہیے۔

اس کتابچہ میں والدین کے لیے تجاویز ہیں اور بارنے ہاگے کا ابتدائی وقت میں بچہ کو عادی کرنے کے طریق سے متعلق معلومات ہیں۔

بارنے ہاگے میں شروعات کے لیے ایک معیاری منصوبہ

Lillestrøm
بلدیہ کا بچوں کے بارنے ہاگے میں شروعات کے لیے ایک معیاری منصوبہ ہے جس پرتمام بلدیاتی بارنے ہاگر عمل کرنے کے پابند ہیں اور نجی بارنے ہاگر کے لیے یہ منصوبہ دستیاب ہے۔ مختلف بارنے ہاگر میں اس منصوبہ پر مقامی موافقت کے ساتھ عمل کیا جائے گا۔ اس بارہ میں ہر بارنے ہاگے والدین کو تفصیلی معلومات بارنے ہاگے کے شروع ہونے سے پہلے فراہم کریگا۔

اس میعاری منصوبہ کی بنیاد "وابستگی اور عادی ہونے " کی تحقیق پر رکھی گئی ہے، اور سرکل آف سیکورٹی اور "یتو ماڈل" (Jåttå-modellen) کے نظریہ پر مبنی ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات والدین کی میٹنگ میں دی گئی ہیں۔

شروع میں عادی ہونے کے عمل کے سلسلے میں والدین کے لئے یہ پیشکش ہیں:

نئے والدین کے لیے میٹنگ
جس میں عادی ہونےکے عمل اور نظریاتی بنیاد کے بارے میں معلومات دی جائے گی

شروع کرنے سے پہلے بارنے ہاگے میں وزٹ
بارنے ہاگے بچوں اور والدین کے لیے یہ ممکن بناتا ہے کہ وہ بارنے ہاگے کا وزٹ کر سکیں تاکہ وہ شروع کرنے سے پہلے علاقے اور عملے کو جان لیں

تعلیمی رہنما کے ساتھ شروعات سے متعلق گفتگو
شروعات سے قبل بات چیت جسکا مقصد بارنے ہاگے کا بچے اور خاندان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا ہے تاکہ وہ بہترین ممکنہ آغاز کی سہولت دے سکیں

تعلیمی رہنما کے ساتھ آغاز کے بعد گفتگو
شروعات کے 2-6 ہفتوں بعد ایک گفتگو جسکا مقصد عادی ہونے کے عمل میں تجربات کا اشتراک کرنا اور مزید تعاون کو آسان بنانا ہے

والدین کے لیے بارنے ہاگے میں ایک اچھے آغاز کی تجاویز

بارنے ہاگے کی شروعات کے وقت والدین بچہ کے ایک محفوظ اور اچھے آغاز کے لئے سب سے اہم معاون ہوتے ہیں۔

چھوٹے بچے اپنے والدین کے رد عمل اور باڈی لینگویج پڑھ کر دنیا کو سمجھتے ہیں۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ والدین بچے کو یہ بتانے میں مدد کریں کہ بارنے ہاگے ایک محفوظ جگہ ہے جہاں وہ کھیل سکتے ہیں ، سیکھ سکتے ہیں اور دوسرے محفوظ بالغوں کے ساتھ رہ سکتے ہیں۔

والدین کے لیے تجاویز

- بارنے ہاگے کے کھلنے کے اوقات کے علاوہ اسکے بیرونی علاقے کا وزٹ کریں۔
- بچے کو بارنے ہاگے شروع کرنے سے پہلے لنچ باکس ، پینے کی بوتل اور بیگ سے واقف کروائیں۔
- کوئی منتقلی آبجیکٹ، جیسے بچے کی چسنی ،کپڑا ، ٹیڈی بیئر یا اس سے ملتی جلتی کوئی چیز بلا جھجک ساتھ لائیں تاکہ بچہ کے پاس کوئی جانی پہچانی اور محفوظ چیز ہو۔
- طے شدہ وزٹ کے دنوں میں بارنے ہاگے جائیں۔
- نئے والدین کے لیے میٹنگ میں شرکت کریں۔

- بچے کو بارنے ہاگے کا عادی کرنے کے لیے کم از کم پہلے پانچ دن مقرر کرلیں۔
- اگر مترجم کی ضرورت ہو تو بارنے ہاگے کو اطلاع دیں
- شروع کے بارنے ہاگے سے واقف ہونے کے دنوں میں والدین میں سے ایک وقت میں صرف ایک ساتھ ہوگا۔
- بچے کوبارنے ہاگے لانے سے پہلے دن کا ایک پرسکون آغاز دینے کی کوشش کریں۔
- بارنے ہاگے سے عادی ہونے کے دنوں میں بچے کو گھر آکر ایک پرسکون ماحول دیں۔
- کوئی بھی بات ہو تو بارنے ہاگے سے بلا جھجک رابطہ کریں۔

Urdu

Layout/Print: Grafisk printsenter rådhuset 08.2021